
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 30 جولائی 2025

## دوتہائی(66%)پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کے گھرانے کی خواتین کو وراثت میں اُن کا جائز حصہ ملتاہے۔ خواتین کو وراثت میں حصہ دینے کے حوالےسے شرح دیہی گھرانوں (62% ) کی نسبت شہری گھرانوں (74% ) میں زیادہ پائی گئی۔






کیا آپ کے گھرانے میں عورتوں کو وراثت میں حصہ دیا جاتا ہے یا نہیں ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## عورتوں کے حقوق

وراثت

**دو تہائی (66%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کے گھرانے کی خواتین کو وراثت میں اُن کا جائز حصہ ملتا ہے۔ خواتین کو وراثت میں حصہ دینے کے حوالے سے شرح دیہی گھرانوں (62%) کی نسبت شہری گھرانوں (74%) میں زیادہ پائی گئی۔**


**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 30 جولائی 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، دو تہائی (66%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کے گھرانے کی خواتین کو وراثت میں اُن کا جائز حصہ ملتا ہے۔ خواتین کو وراثت میں حصہ دینے کے حوالے سے شرح دیہی گھرانوں (62%) کی نسبت شہری گھرانوں (74%) میں زیادہ پائی گئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیا آپ کے گھرانے میں عورتوں کو وراثت میں حصہ دیا جاتا ہے یا نہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں 66% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اُن کے گھرانے میں عورتوں کو وراثت میں حصہ دیا جاتا ہے، جبکہ 30% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" اُن کے گھرانے میں عورتوں کو وراثت میں حصہ نہیں دیا جاتا ہے، تاہم 4% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"کیا آپ کے گھرانے میں عورتوں کو وراثت میں حصہ دیا جاتا ہے یا نہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 779 خواتین اور مرد حضرات سے 7th مارچ تا 22nd مارچ 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ خواتین کو وراثت میں حصہ دینے کے حوالے سے شہری اور دیہی علاقوں کے گھرانوں کے درمیان واضح فرق ہے۔ شہری علاقوں میں ، 74% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ اُن کے گھرانے کی خواتین کو وراثت میں حصہ دیا جاتا ہے، جو شہروں میں زیادہ آگاہی اور قانونی حقوق کی پاسداری کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس کے برعکس، دیہی علاقوں میں یہ شرح 62% پائی گئی۔ جبکہ دیہی علاقوں کی ایک بڑی (35%) شرح کا کہنا ہے کہ اُن کی وراثت میں خواتین کو حصہ نہیں دیا جاتا ہے، جبکہ شہری علاقوں میں یہ شرح 22% رہی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دیہی علاقوں میں معاشرتی اور روایتی رکاوٹیں اب بھی خواتین کو اُن کے وراثتی حق سے محروم رکھتی ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 30th July 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan
(1980-2025)